207972-نقدی رقوم کی زکاۃ کا حساب لگانے کا طریقہ

سوال

میرے پاس 10000 ریال ہیں اور ان پر سال گزر چکا ہے، تو اس میں کتنی زکاۃ واجب ہوتی ہے؟

پسندیدہ جواب

نقدی نوٹوں میں واجب ہونے والی زکاۃ اس رقم کا چالیسواں حصہ ہوتی ہے، دوسرے لفظوں میں 2.5 فیصد یا پھر ایک ہزار میں سے 25 ۔

نقدی نوٹوں میں حساب لگانے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر ہزار میں سے 25 ریال زکاۃ ہوگی، چنانچہ اگر آپ کے پاس دس ہزار ریال ہیں تو 250 ریال مجموعی زکاۃ ہوگی۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ نصاب کو پہنچنے والی یا اس سے زائد رقم کو 40 پر تقسیم کر دیا جائے تو حاصل جواب واجب الاداز کاۃ کی مقدار ہوگی۔

لہذا اگر آپ 10000 ریال کو 40 پر تقسیم کریں تو اس کا جواب 250 آئے گا اور یہی واجب زکاۃ کی مقدار ہے۔

مزید کیلیے آپ سوال نمبر: (2795) کا جواب ملاحظہ کریں۔

واللہ اعلم.